الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

پریس ریلیز

مورخہ 09 مئی، 2017

برٹش ہائی کمشنر تھامس ڈریو نے آج 9 مئی کو الیکشن کمیشن کے دورے پر آئے اور چیف الیکشن کمشنر جسٹس سردار محمد رضا سے تفصیلی ملاقات کی۔ اُن کے ہمراہ سیکنڈ سیکرٹری پولیٹکل مارٹن رابنسن اور ہیڈ آف ڈیموکریسی پروگرام جویریہ جیلانی بھی تھیں۔ ملاقات میں عام انتخابات 2018ء کے لئے الیکشن کمیشن کی جاری تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ چیف الیکشن کمشنر نے تفیصلی طور پر الیکشن کمیشن کی عام انتخابات 2018ء کے تیاریوں کے حوالے سے بتایا۔ ملاقات میں مجوزہ الیکشن ایکٹ 2017ء کے حوالے سے بھی بات چیت ہوئی اور وفد کو بتایا گیا کہ الیکشن کمیشن اس آنے والے نئے قانون میں پارلیمنٹ کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے اور اپنی خدمات فراہم کر رہا ہے خواتین ووٹرز کی رجسٹریشن کے جاری عمل کے بارے میں بھی برٹش ہائی کمشنر کو بریفنگ دی گئی۔

برٹش ہائی کمشنر نے الیکشن کمیشن کی خود مختاری پر زور دیا اور الیکشن کمیشن کی عام انتخابات 2018ء کی تیاریوں پر اعتماد کا اظہار کیا۔ اس موقع پر برٹش ہائی کمشنر نے یقین دلایا کہ ماضی کی طرح وہ آنے والے 2018ء کے عام انتخابات میں الیکشن کمیشن سے بھرپور تعاون جاری رکھیں گے۔ چیف الیکشن کمشنر نے برٹش حکومت کے اداروں کی الیکشن کمیشن کی استعداد کار میں اضافہ کرنے کی کوششوں پر اُن کا شکریہ ادا کیا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆